Write your name here

| Surname | Other names |
| --- | --- |
| | |

Centre Number | Candidate Number

# Edexcel GCE

# Urdu

## Advanced Subsidiary
## Unit 2: Understanding and Written Response

Wednesday 15 May 2013 – Afternoon
**Time: 2 hours 30 minutes**

Paper Reference
**6UR02/01**

**You must have:**
Listening equipment
CD/mp3

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You **must** begin with Section A: Listening, and complete this section within 45 minutes. You must **not** replay the recording after the first 45 minutes of the test.
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The paper is divided into 3 sections.
- The total mark for this paper is 70.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*
- Section B of this paper features a question that requires responses in English – *in order to convey these clearly, please ensure that you write legibly and check your spelling, punctuation and grammar.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Keep an eye on the time.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶


©2013 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/1/


PEARSON

**SECTION A: LISTENING**

وقت کے لحاظ سے اقتباسات کی لمبائی کا اندازہ درج ذیل ہے :

| | | |
|---|---|---|
| اقتباس نمبر1: | 1 منٹ | 03 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر2: | 0 منٹ | 57 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر3: | 1 منٹ | 04 سیکنڈ |
| اقتباس نمبر4: | 1 منٹ | 42 سیکنڈ |

امتحان کے دوران آپ ریکارڈنگ کو جب چاہیں جہاں سے چاہیں اور جتنی بار چاہیں سن سکتے ہیں۔آپ چاہیں توضروری باتیں علیحدہ کاغذ پر لکھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر1:

اقتباس کو غور سے سنیے اور اس کی روشنی میں درج ذیل بیانات سے صحیح بیانات کے سامنے ☒ کا نشان لگایئے۔

(i) ہارون اتوار کی رات کو باہر جاتا ہے:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** ایک سال سے۔ |
| ☒ | **B** کئی مہینوں سے۔ |
| ☒ | **C** چند ہفتوں سے۔ |

(ii) مریم کے لیے کسی بھی راز کو چھپانا:

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** بہت آسان ہے۔ |
| ☒ | **B** بہت مشکل ہے۔ |
| ☒ | **C** اچھی بات نہیں ہے۔ |

(iii) نئے ریسٹورینٹ میں آدھی قیمت پر کھانا :

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** ہفتے میں ایک بار ملتا ہے۔ |
| ☒ | **B** ہر روز ملتا ہے۔ |
| ☒ | **C** مہینے میں ایک بار ملتا ہے۔ |

(iv) مریم چاہتی ہے کہ ہارون اسے ریسٹورینٹ میں :

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** امی کے ساتھ لے جائے۔ |
| ☒ | **B** سہیلیوں اور امی کے ساتھ لے جائے۔ |
| ☒ | **C** سہیلیوں کے ساتھ لے جائے۔ |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

BLANK PAGE

سوال نمبر 2:

اقتباس سن کر مندرجہ ذیل بیانات میں سے صرف چار صحیح بیانات پر ☒ کا نشان لگائیے۔

| | | |
|---|---|---|
| A | فیشن بدلنے میں مہینوں لگ جاتے ہیں۔ | ☒ |
| B | فیشن بہت عرصے تک ایک سا نہیں رہتا۔ | ☒ |
| C | سب خواتین اپنی پسند کے مطابق کپڑے پہنتی ہیں۔ | ☒ |
| D | فیشن کی چیزیں خریدنا پیسے کی بربادی ہے۔ | ☒ |
| E | کبھی کبھی فیشن کی دکانوں پر جانے سے فیشن کا پتہ نہیں چلتا۔ | ☒ |
| F | نئے فیشن کے ڈیزائن ہر درزی نقل نہیں کر سکتا۔ | ☒ |
| G | گرمیوں کے کپڑے ہمیشہ فیشن میں رہتے ہیں۔ | ☒ |
| H | کچھ خواتین نہ چاہتے ہوئے بھی مہنگے کپڑے خرید لیتی ہیں۔ | ☒ |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

سوال نمبر 3:

نیچے دی گئی خالی جگہوں کو صحیح اردو الفاظ کے ساتھ لکھے ہوئے انگریزی حروف سے پر کیجیے۔

(i) ہر ایک کی ☐ ہوتی ہے کہ خوب دولت کمائے اور مشہور ہو۔

(ii) آج کل پڑھا لکھا ہونا اتنا ☐ نہیں جتنا کہ امیر ہونا۔

(iii) ہماری نئی نسل رشتوں کی اہمیت کو ☐ جا رہی ہے۔

(iv) خریدی ہوئی مہنگی چیز خراب ہو جاتی ہے مگر علم کبھی ☐ نہیں ہوتا۔

| | |
|---|---|
| A | بھولتی |
| B | خواب |
| C | ضائع |
| D | الگ |
| E | ضروری |
| F | حقیقت |
| G | خواہش |
| H | لاپرواہ |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**

سوال نمبر 4:

انٹرویو کو سن کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اردو میں لکھیے۔

(a) علی کیا چھوڑنے کے بارے میں بات کر رہا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................................

(b) علی کے نزدیک سب سے مشکل بات کیا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................................

(c) علی نے کن دو باتوں کا سہارا بالکل نہیں لیا؟ **(2)**

.......................................................................................................................................................

.......................................................................................................................................................

(d) علی سگریٹ پینے کی خواہش پر کس طرح قابو پاتا ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................................

(e) علی نے سگریٹ چھوڑنے کے لیے کن دو باتوں کا مشورہ دیا ہے؟ **(2)**

.......................................................................................................................................................

.......................................................................................................................................................

(f) سیما نے اپنے آخری جملے میں کیا امید ظاہر کی ہے؟ **(1)**

.......................................................................................................................................................

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

**TOTAL FOR SECTION A = 20 MARKS**

**SECTION B: READING**

اقتباس نمبر 5:

علی: آ ج کل لڑکے اور لڑکیوں کی تعلیم کے سلسلے میں فرق نہیں کیا جاتا۔ اب یہ لڑکیوں پر منحصر ہے کہ یہ فیصلہ کریں کہ وہ تعلیم مکمل ہونے کے بعد کیسی زندگی پسند کریں گی۔ کچھ پیشوں کے لیے وقت بے وقت باہر رہنا پڑتا ہے اور گھر والوں کے لیے کم وقت ملتا ہے۔

مریم: اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونا اتنا ضروری نہیں جتنا فنی تربیت حاصل کرنا۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ اچھی ملازمت کے لیے ایسے امیدواروں کو فوراً رکھ لیا جاتا ہے جنہوں نے اس کام کی تربیت لی ہوتی ہے۔ کچھ کمپنیاں تو نئے ڈگری لینے والوں کو ملازمت نہیں دیتیں۔

ہارون: بے روزگاری ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ بعض پڑھے لکھے نوجوان معمولی نوکریاں کرنے پر مجبور ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ہمارا تعلیم یافتہ طبقہ اپنا مستقبل بہتر بنانے کے لیے باہر کے ملکوں کا رخ کرنے لگا ہے لیکن اس طرح ہم اپنے ملک کو فائدہ نہیں پہنچا رہے ہیں۔

حنا: شادی کے بعد زیادہ تر لڑکیاں گھریلو کاموں میں الجھ کر رہ جاتی ہیں اور جو کچھ بھی پڑھا لکھا ہوتا ہے اسے بھول جاتی ہیں۔ ایسی تعلیم کا کیا فائدہ جس سے دوسروں کو فائدہ نہ پہنچے۔



P 4 2 3 4 2 A 0 8 2 0

سوال نمبر 5:

کس نے کیا کہا؟ سامنے دیے گئے اقتباسات کو پڑھ کر صحیح نام کے آگے ☒ کا نشان لگائیے۔
ایک نام دو مرتبہ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

| | A<br>علی | B<br>مریم | C<br>ہارون | D<br>حنا |
|---|---|---|---|---|
| (i) صرف ڈگریاں حاصل کرنے سے ملازمت نہیں ملتی۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (ii) علم حاصل کیا جائے تو اسے پھیلانا بھی چاہیے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iii) کچھ کام گھریلو زندگی پر اثر ڈالتے ہیں۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (iv) ملک سے باہر چلے جانا اپنے ملک کو نقصان پہچانا ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |
| (v) اب لڑکیوں کے لیے تعلیم حاصل کرنا مشکل نہیں ہے۔ | ☒ | ☒ | ☒ | ☒ |

**(Total for Question 5 = 5 marks)**

**BLANK PAGE**

اقتباس نمبر 6:

Read the passage and answer the questions below **in English**. Your answers must relate exclusively to the passage and convey **all** the relevant information.

نازیہ حسن پاکستان کی پہلی پوپ سنگر تھی۔ اس کا پہلا گانا جو ایک ہندوستانی فلم کے لیے تھا بہت مقبول ہوا اور اسی گانے نے اسے بے حد مشہور کر دیا۔ اس کی آواز میں درد اور چہرہ بچوں کی طرح معصوم تھا۔ یہی دونوں چیزیں اس کے چاہنے والوں کو پسند تھیں۔ اس کے گانوں میں انوکھی بات یہ تھی کہ وہ ہر عمر کے لوگوں کو اچھے لگتے تھے۔

افسوس کی بات یہ ہے کہ وہ بہت کم عمری میں ہی انتقال کر گئی۔ حکومت پاکستان نے اس کی موت کے بعد اسے بہت بڑا قومی ایوارڈ دیا جسے اس کی والدہ نے وصول کیا۔

آج کل سینکڑوں گلوکار پوپ گانے گاتے ہیں مگر نازیہ حسن جیسی مقبولیت آج تک کسی کو نہیں مل سکی۔

**6** (a) Who was Nazia Hasan?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(b) What was so special about her face?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(c) What was unique about her songs?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(d) Who gave her the national award after her death?

**(1)**

..............................................................................................................................................

(e) What is being said about the popularity of other pop singers?

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 6 = 5 marks)**

اقتباس نمبر 7:

میں اس سے پہلے کراچی کبھی نہیں گئی تھی۔ زیادہ تر لاہور ہی آنا جانا رہتا تھا، خالہ کے علاوہ سب رشتہ دار یہیں رہتے تھے۔ خالہ بھی ہم سے ملنے لاہور آجاتی تھیں۔ پچھلے سال خالہ زاد بھائی شاہد کی شادی کا دعوت نامہ ملا۔ میری تو چھٹیاں تھیں اور امی کی اپنے بھانجے سے محبت پورے خاندان میں مشہور ہے۔ ان کے نہ جانے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

جہاز کا سفر رات کا تھا۔ ہمارے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھی ہوئی خاتون امی سے باتوں میں مصروف تھیں۔ جان نہ پہچان، لیکن لگتا تھا جیسے برسوں سے جانتی ہوں۔ میں نے آنکھیں بند کر کے سونے کی ناکام کوشش کی، لیکن امی اور ان خاتون کی باتیں جاری رہیں۔ میرے پیچھے بیٹھے ہوئے بچے نے اپنے پاؤں میری سیٹ کی پشت پر یوں چلائے کہ ہڈی پسلی ہل کر رہ گئی۔ ان حالات میں کون سو سکتا تھا۔

صبح آٹھ بجے جہاز کراچی کے ہوائی اڈے پر اترا۔ سامان لے کر باہر نکلے تو تیز دھوپ اور گرم ہوا کے تھپیڑوں نے پہلے استقبال کیا، خالہ، شاہد بھائی اور دوسرے رشتہ دار بعد میں ملے۔

مجھے بہت نیند آرہی تھی اس لیے میں سونے کے کمرے میں آگئی۔ اندر کمرے میں پنکھے کی گھوں گھوں اور باہر سے آتی آوازوں نے میرے لیے موسیقی کا کام دیا اور میں شاید گہری نیند سو گئی۔ میری آنکھ کھلی جب کوئی چیز کھڑکی پر ٹھک سے آکر لگی۔ میں ڈر کر چیخی جسے سن کر امی، خالہ اور دوسرے گھر والے دوڑے دوڑے آئے۔ سارا واقعہ سن کر سب ہنسنے لگے۔ شاہد بھائی نے کہا ''کمال ہے تم نے کبھی کراچی کی اسٹریٹ کرکٹ کے بارے میں نہیں سنا''۔ میں نے جھانک کر دیکھا بچے کیا بڑے بھی اینٹوں کی وکٹ بنا کر زور شور سے کرکٹ کھیل رہے تھے۔ میں نے صرف اتنا کہا ''یہ تو سنا تھا کراچی شہر رات کو جاگتا ہے مگر اس میں ورلڈ کپ کی تیاری بھی شامل ہے اس کا علم نہیں تھا''۔ شاہد بھائی بولے ''تم اسے مذاق مت سمجھو۔ اسی اسٹریٹ کرکٹ سے بڑے بڑے مشہور کھلاڑی سامنے آئے ہیں''۔

سوال نمبر 7:

اوپر دیے گئے متن کے حوالے سے مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں اردو میں لکھیے۔

(a) مریم زیادہ تر لاہور کیوں جاتی ہے؟ **(1)**

..............................................................................................................................................



P 4 2 3 4 2 A 0 1 2 2 0

(b) مریم کی امی کا شادی میں جانا کیوں ضروری تھا؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(c) جہاز میں ساتھ سفر کرنے والی خاتون اور امی کی کتنی پرانی جان پہچان تھی؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(d) ہوائی سفر کے دوران مریم کیوں نہیں سو سکی؟ ( دو باتیں لکھیے )

**(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(e) مریم نے کراچی کا موسم کیسا پایا؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(f) گھر پہنچ کر مریم کو کیسے نیند آ گئی؟ ( دو باتیں لکھیے )

**(2)**

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................

(g) مریم کے چیخنے کی کیا وجہ تھی؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

(h) شاہد بھائی نے اسٹریٹ کرکٹ کے کس فائدے کا ذکر کیا؟

**(1)**

..............................................................................................................................................

**(Total for Question 7 = 10 marks)**

**TOTAL FOR SECTION B = 20 MARKS**

## SECTION C: WRITING

اقتباس نمبر 8:

ایک طرف لیپ ٹاپ اور موبائل فون کا سائز بے حد چھوٹا ہو گیا ہے تو دوسری طرف اب ان پر نئے نئے پروگراموں کا اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اب ان پر تصویروں اور گفتگو سے لے کر ہر قسم کے نئے اور پرانے گانے دیکھے اور سنے جا سکتے ہیں اور اپنی پسندیدہ فلمیں بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔ بچوں سے لے کر بڑی عمر تک کے لوگ جب چاہیں اور جہاں چاہیں اپنے پسندیدہ پروگرام دیکھ سکتے ہیں۔

سوال نمبر 8:

اوپر دی گئی عبارت اردو کے ایک اخبار سے لی گئی ہے۔ **200-220** الفاظ پر مشتمل ایک مضمون اردو میں لکھیے۔ آپ کے مضمون میں درج ذیل باتیں شامل ہونی چاہئیں:

- لیپ ٹاپ استعمال کرنے کے کیا فائدے اور نقصانات ہیں۔
- موبائل فون کو کن چیزوں کے لیے استعمال کرنا چاہیئے۔
- بچوں کو ان کا ذاتی موبائل فون اور لیپ ٹاپ دینا چاہیئے یا نہیں اور کیوں؟
- آپ کمپیوٹر کے سامنے کتنا وقت گزارتے ہیں اور کیوں؟

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

..............................................................................................................................................................

**(Total for Question 8 = 30 marks)**

**TOTAL FOR SECTION C = 30 MARKS**
**TOTAL FOR PAPER = 70 MARKS**

BLANK PAGE

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**